Teacher Copy - Std 2nd - Language (Urdu)

کل نمبرات	زبانی	تحریری
۳۰	۱۰	۲۰

مجموعی قدر پیمائی ۲ : ۱۸-۲۰۱۷ء
جماعت : دوم
مضمون : اُردو
تحریری سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

س ۱: لفظ سنو اور لکھو۔ **(۵ نمبرات)**

زمرہ: لکھنا (املا نویسی)

مقصد: حروف کے مخرج اور اعراب سے واقفیت کی تحریری جانچ کرنا۔

ہدایت:
- فہرست کے الفاظ بلند آواز سے اس طرح کہے جائیں کہ اس کے مطلب اور مخرج سے طالب علم واقف ہو جائے۔
- ہر لفظ کو بولنے کے بعد کم از کم دو سیکنڈ کا وقفہ لے کر اسے دوبارہ دہرائیں۔
- طلبہ کو لفظ لکھنے کا موقع دیں اور انھیں جانچنے کے لیے کہیں۔ اس کے بعد پھر دوبارہ اسی لفظ کو دہرائیں۔

الفاظ:

(۱) ناک	(۲) باغ
(۳) شان	(۴) دور
(۵) سردی	(۶) خط
(۷) تاج	(۸) پانی
(۹) عید	(۱۰) بکری

نمبرات دینے کا طریقہ : فہرست کے ہر صحیح لفظ کو ½ نمبر دیا جائے۔

اس سوال کی جانچ کرتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں۔ لفظ تسلسل میں لکھا ہو اور لکھائی کے اُصولوں کے مطابق ہو تب ہی نمبر دیں۔
مثلاً 'خط' کی بجائے 'خت' یا 'باغ' کی بجائے 'باق' لکھا ہو تو نمبر نہ دیں۔

س ۲: ذیل کی تصویروں میں کون کیا کر رہا ہے، لکھو۔ **(۵/نمبرات)**

زمرہ: اظہارِ خودی (تحریری)

مقصد: طالب علم خود کے الفاظ میں کس طرح لکھتا ہے، اس کی جانچ کرنا۔

نمبرات دینے کا طریقہ :
- ہر تصویر سے متعلق مناسب جواب کے لیے ایک نمبر دیا جائے۔
- تصویر میں نظر آنے والے عمل/ کام سے متعلق مکمل جملے لکھے تو ہی نمبرات دیے جائیں۔ مثلاً بارش ہے/ بچے ہیں۔ اس طرح کے جملے لکھنے پر نمبرات نہ دیے جائیں۔

- مقامی بولی/ زبان میں لکھا ہوا جملہ قبول کیا جائے۔
- یہاں طالب علم سے تحریر کے اُصولوں کے مطابق لکھنا متوقع نہیں ہے۔

س ۳: اس اقتباس کو دل ہی دل میں پڑھو اور پوچھے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔ **(۵/نمبرات)**

صحیح جواب اور نمبرات دینے کا طریقہ :

(الف) (الف) ۱۴/نومبر (۱/نمبر)

(ب) میلے لگتے ہیں۔ بچوں کے کھیل ہوتے ہیں۔ (۲/نمبرات)

(ج) ۱۴/نومبر کا دن بچے خوشی خوشی گزارتے ہیں۔ (۲/نمبرات)

س ۴: ذیل کی ہدایت کے مطابق سوالات حل کرو۔ **(۳/نمبرات)**

(الف) سوال سن کر لومڑی گھبرا گئی۔ (۱/نمبر)

(ب) بادشاہ گاؤں میں کہاں ٹھہر گیا؟ (۱/نمبر)

(ج) یہ ایک چڑیا ہے۔ (۱/نمبر)

س ۵: بچے کھیل رہے ہیں اس سے متعلق دو سوالات پوچھو اور لکھو۔ **(۲/نمبرات)**

زمرہ: لکھنا

مقصد: یہ سوال طلبہ کے سوالات بنانے کی مہارت کی جانچ کے لیے ہے۔

نمبرات دینے کا طریقہ :

- تمام جملے سوالیہ ہوں اور جملے کے آخر میں سوالیہ نشان لگا ہوا ہو، اس کی جانچ کریں۔
- اسی طرح سوالات تصویر میں دیے گئے شخص کے کام سے متعلق ہوں، اس کی جانچ کریں۔
- ہر صحیح سوال لکھنے پر ایک نمبر دیا جائے۔ لکھائی کے اُصول وضوابط کی جانچ متوقع نہیں ہے۔
- سوالیہ نشان نہ ہونے کی صورت میں سوال نمبر ۵ کے حاصل شدہ کل نمبرات سے آدھا نمبر کم کر دیا جائے۔

زبانی سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

زبانی سوال ۶)　ذیل کے اقتباس کی بلند خوانی کروانا۔　(۵ نمبرات)

سوالات پوچھنے والے کے لیے ہدایات :

- یہ سوال بلند خوانی کی مہارت کی جانچ کے ساتھ ساتھ طلبہ تفہیم کے ساتھ بلند خوانی کرتے ہیں یا نہیں اس کی جانچ کے لیے بھی ہے۔
- یہ سوال زبانی نوعیت کا ہونے کی وجہ سے ایک ایک طالب علم کو قریب بلا کر پوچھا جائے۔
- جماعت میں طلبہ کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں جانچ کا مرحلہ دو/ تین دنوں میں مکمل کیا جائے۔

سوالات پوچھنے والا طلبہ کو یہ ہدایت دے:

اب میں تمھیں ایک اقتباس پڑھ کر سناؤں گا۔تم اسے غور سے سنو اور پڑھنا ختم ہونے کے بعد میں تمھیں کچھ سوالات پوچھوں گا اور متبادل بھی بتاؤں گا۔تم اس میں سے صحیح متبادل بتاؤ۔

جلدی سونا جلدی اُٹھنا اچھی عادت ہے۔

دانت صاف کرنا، روز نہانا اچھی عادت ہے۔

صبح کا کھانا وقت پہ کھانا اچھی عادت ہے۔

صاف ستھرے کپڑے پہننا اچھی عادت ہے۔

روزانہ اسکول کو جانا اچھی عادت ہے۔

بلند خوانی کے لیے نمبرات دینے کا طریقہ :

نمبرات	متوقع نتائج
۵	جملوں کے مطلب کو سمجھ کر روانی کے ساتھ کی گئی بلند خوانی۔
۴	کچھ جملوں کی مناسبت سے علاماتِ اوقاف کے ساتھ کی گئی بلند خوانی۔ جملے پڑھتے وقت تھوڑی مشقت کی اور اگر ایک جملے کو بار بار دہراتا بھی ہے تو کوئی مضائقہ نہیں۔
۳	مدد کے بغیر کچھ الفاظ پڑھے۔لیکن پڑھے ہوئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔
۲	مدد کرنے کی صورت میں کچھ الفاظ پڑھ سکا۔
۱	چند حروف پڑھے۔ مدد کے باوجود الفاظ پڑھ نہ سکا۔
۰	طالب علم نے پڑھائی میں دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ مدد کے باوجود بھی جملے نہ پڑھ سکا۔

زبانی سوال ۶)   اب طلبہ کے پڑھے ہوئے اقتباس پر منحصر ذیل کے سوالات پوچھیں: صحیح جواب   نمبرات

جواب نہ دینے پر یا غلط جواب دینے پر دوبارہ پڑھنے کا موقع دیں۔

۱) ہمیں کب سونا چاہیے؟   (الف)   (۱)

(الف) جلدی   (ب) دیر سے   (ج) بہت دیر سے

۲) کیسے کپڑے پہننا اچھی عادت ہے؟   (ب)   (۲)

(الف) پھٹے ہوئے   (ب) صاف ستھرے   (ج) گندے

۳) کوئی دو اچھی عادتیں بتاؤ۔   (۲)

(نوٹ : مختلف جوابات میں سے مناسب جواب کو نمبرات دیے جائیں۔)

❖❖❖